# State Visit of President of Egypt to India (January 24-26, 2023)

January 21, 2023

## مصری صدر (جنوری 24-26، 2023) کو ہندوستان کے سرکاری دورے پر

جنوری 21، 2023

عرب جمہوریہ مصر کے صدر عزت مآب جناب عبد الفتاح الیسیسی مورخہ 24-26 جنوری، 2023 کو وزیر اعظم جناب نریندر مودی کی دعوت پر ہندوستان کے دورے پر تشریف لا رہے ہیں۔ مصری صدر السیسی دوسری دفعہ ہندوستان کے سرکاری دورے پر تشریف لا رہے ہیں، جو ہندوستان کے 74ویں یوم جمہوریہ کے موقع پر مہمان خصوصی ہوں گے۔ صدر السیسی کے ساتھ ایک اعلی سطحی وفد بھی ہندوستان آئے گا جس میں پانچ وزراء اور اعلی عہدیداران شامل ہیں۔ ان کے 24 جنوری، 2023 کو نئی دہلی میں آمد کا وقت مقرر ہے۔

2۔ صدر سیسی اس سے قبل اکتوبر 2015 کو تیسرے انڈیا افریقہ فورم سمٹ میں شرکت کے لیے اور ستمبر 2016 میں ریاستی دورے پر ہندوستان کا دورہ کیا تھا۔ یہ پہلا موقع ہے کہ کسی عرب جمہوریہ مصر کے سربراہ ہمارے یوم جمہوریہ کے موقع پر مہمان خصوصی کے طور پر شرکت کی دعوت دی گئی ہے۔ یوم جمہوریہ کی پریڈ میں مصری فوج کا ایک فوجی دستہ بھی شرکت کرے گا۔

3۔ ہندوستان اور مصر اس سال سفارتی تعلقات کے قیام کے 75 سال منا رہے ہیں۔ مصر کو بھی 2022-23 میں جی20 کی ہندوستان کی صدارت کے دوران ایک 'مہمان ملک' کے طور پر مدعو کیا گیا ہے۔

4۔ مصری صدر سیسی کو 25 جنوری 2023 کو راشٹرپتی بھون میں ایک رسمی استقبالیہ دیا جائےگا اور صدر جمہوریہ عزت مآب دروپدی مُرمو اسی شام آنے والے معززین کے اعزاز میں ایک سرکاری ضیافت کا اہتمام کریں گی۔ صدر السیسی وزیراعظم سے دوطرفہ ملاقات اور وفود کی سطح پر باہمی دلچسپی کے دوطرفہ، علاقائی اور عالمی امور پر تبادلہ خیال کریں گے۔ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر صدر سیسی سے ملاقات کریں گے۔ دورہ کرنے والی معزز شخصیت اسی دن ایک کاروباری تقریب میں ہندوستانی کاروباری برادری سے بھی بات چیت کرے گی۔

5۔ ہندوستان اور مصر کے درمیان پُرتپاک اور دیرینہ دوستانہ تعلقات رہے ہیں جو تہذیبی، ثقافتی اور اقتصادی روابط اور عوام کے درمیان گہرے رشتوں سے منسلک ہیں۔ کثیر جہتی تعلقات مشترکہ ثقافتی اقدار، اقتصادی ترقی کو فروغ دینے کے عزم، دفاع اور سلامتی کے شعبوں میں تعاون اور علاقائی اور عالمی مسائل پر ہم آہنگی پر مبنی ہیں۔ دونوں ممالک کثیرجہتی اور بین الاقوامی پلیٹ فارموں پر مل کر کام کرتے ہیں۔

6۔ ہندوستان اور مصر کے درمیان دو طرفہ تجارت مالی سال 2021-22 میں 7.26 بلین امریکی ڈالر کی ریکارڈ بلندی پر پہنچ گئی ہے۔ اور مصر کو 3.74 بلین امریکی ڈالر کی ہندوستانی برآمدات اور مصر سے ہندوستان کو 3.52 بلین امریکی ڈالر کی درآمدات کے ساتھ دونوں ممالک کے درمیان تجارت کافی متوازن رہی ہے۔ 50 سے زائد ہندوستانی کمپنیوں نے مصری معیشت کے مختلف شعبوں بشمول کیمیکل، توانائی، ٹیکسٹائل، کپڑے، زرعی کاروبار، خوردہ وغیرہ میں تقریباً 3.15 بلین امریکی ڈالر کی سرمایہ کاری کی ہے۔

7۔ مصری صدر السیسی کے آئندہ دورے سے ہندوستان اور مصر کے درمیان وقتی تجربہ شدہ شراکت داری کو مزید مضبوط اور گہرا ہونے کی امید ہے۔

**نئی دہلی**
**جنوری 21، 2023**

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.